## متحدہ قومی موومنٹ کے تحت 19، جون 1992ء کے شہداء کی سولہویں برسی منائی گئیں

## کراچی سمیت ملک بھر میں شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد ہوئے

## مرکزی اجتماع ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں منعقد ہوا، رابطہ کمیٹی اور دیگر کی شرکت

کراچی۔۔۔19، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام 19، جون کراچی سمیت ملک بھر میں یومِ سیاہ کے طور پر منایا گیا۔اس سلسلے میں کراچی وحیدرآباد سمیت اندرون سندھ ایم کیوایم کے 19 زونز کے علاوہ صوبہ پنجاب، پختون خواہ، بلوچستان اور آزاد کشمیر کے ضلعی دفاتر میں شہداء کی سولہویں برسی کے سلسلے میں تمام شہداء کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے چھوٹے بڑے اجتماعات منعقد کئے گئے۔19 جون 1992ء کے شہداء کی سولہویں برسی کے سلسلے میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا مرکزی اجتماع نماز عصر تا مغرب ایم کیوایم کے مرکز المعروف ''نائن زیرو'' عزیز آباد سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال میں منعقد ہوا جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر شیخ لیاقت حسین، رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، اراکین طارق میر، سید شعیب احمد بخاری، بابر خان غوری، عادل صدیقی، نیک محمد، وسیم آفتاب، ڈاکٹر نصرت، اشفاق منگی، حق پرست وزراء، مشیران، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین، کونسلر، ایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے ارکان، سیکٹرز اور یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، شہداء کے لواحقین اور ہمدرد عوام نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے رکن مولانا فیروزالدین رحمانی نے 19 جون 1992ء کے شہداء کی ارواح کے ایصال ثواب، شہداء کے بلند درجات، لواحقین کے صبر وجمیل، تحریک کی کامیابی، اسیروں کی رہائی، بیماروں کوشفاء اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی صحت وتندوستی اور درازی عمر کیلئے اجتماع دعائیں کرائی۔کراچی کی طرح سندھ بھر میں ایم کیوایم کے زونل دفاتر حیدرآباد، میرپورخاص، سکھر، لاڑکانہ، عمرکوٹ، قمبر شہدادکوٹ، بدین، ٹھٹھہ، شکارپور، جیکب آباد، کشمور، نوشہروفیروز، دادو، نوابشاہ، سانگھڑ، ٹنڈوالہیار، جام شورو کے علاوہ صوبہ پنجاب، پختونخواہ اور بلوچستان کے درجنوں مقامات لاہور، فیصل آباد، ملتان، شیخوپورہ، بہارلپور، مظفرگڑھ، راولپنڈی، اسلام آباد، پشاور، ڈیرہ اسماعیل خان، مردان، گلگت، مظفرآباد، میرپور اور آزاد کشمیر میں ایم کیوایم کے صوبائی دفاتر میں 19، جون 1992ء کے شہداء کی سولہویں برسی کے سلسلے میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کئے گئے جس میں ایم کیوایم کے مقامی ذمہ داران وکارکنان اور ہمدرد عوام نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی اور حق پرست شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔واضح رہے کہ 19، جون 1992ء کو ایم کیوایم کے خلاف فوجی آپریشن کے دوران ایم کیوایم کے ہزاروں ذمہ داروں، کارکنوں اوران کے عزیز واقارب کو ماورائے عدالت قتل کیا جاچکا ہے۔

## ملتان میں نجی ٹی وی چینل پر حملہ آزادی صحافت پر حملہ ہے، الطاف حسین

## ٹی وی چینل پر حملہ کا فوری نوٹس لیا جائے اور واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے

لندن۔۔19 جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پنجاب کے شہر ملتان میں کوک ٹی وی چینل پر مسلح دہشت گردوں کے حملہ اور اسکے نتیجے میں صحافیوں کے زخمی ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے اور اسے کھلی دہشت گردی قرار دیتے ہوئے اس واقعہ کی شدید مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ مسلح دہشت گردوں کا ٹی وی چینل پر حملہ دراصل آزادی صحافت پر حملہ ہے اور دہشت گردی کے ذریعے صحافیوں کو ہراساں کرنا اور صوبہ میں امن وامان کی صورتحال کو سبوتاژ کرنے کی سازش ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔جناب الطاف حسین نے وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی، گورنر پنجاب سلمان تاثیر، وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف اور وزیر داخلہ سے مطالبہ کیا ہے کوک ٹی وی پر حملہ کا فوری نوٹس لیا جائے اور اس واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کر کے قانون کے مطابق سخت سے سخت سزا دی جائے۔جناب الطاف حسین نے کوک ٹی وی کی انتظامیہ اور تمام کارکنوں سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے اس واقعہ پر افسوس کا اظہار کیا اور حملہ میں زخمی ہونے والے صحافیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا بھی کی۔

## یم کیوایم کے پختون کارکن عمر خان کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔19، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پی پی او سی گلشن اقبال یونٹ یوسی 10 کے پختون کارکن عمر خان کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## حق پرست عوام علی کیانی کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔19، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے روزنامہ جنگ لندن کے نمائندہ علی کیانی کی شدید علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ علی کیانی کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے خصوصی دعا کریں۔دریں اثناء ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ شعبہ اطلاعات کے ارکان نے بھی علی کیانی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔

## رابطہ کمیٹی کے ارکان، بیرسٹر حبیب الرحمٰن، ٹاؤن ناظمین اوراراکین اسمبلی نے انور عالم کی عیادت کی

کراچی۔۔۔19، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم فالج کے حملے کے باعث کراچی کے مقامی اسپتال میں زیر علاج ہیں اور ڈاکٹروں کے مطابق ان کی طبیعت بہتر ہورہی ہے۔اس دوران متعدد سیاسی، سماجی اور مذہبی شخصیات کے علاوہ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب سے انور عالم کی عیادت کا سلسلہ جاری ہے۔گزشتہ روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی، بیرسٹر حبیب الرحمٰن، حق پرست ٹاؤن ناظمین، اراکین اسمبلی اور مختلف شعبہ جات کے اراکین نے مقامی اسپتال جاکر انور عالم کی عیادت کی اوران کی خیریت دریافت کی۔اس موقع پر انہوں نے انور عالم کو گلدستے پیش کئے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔19، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم گلستان جوہر سیکٹر کے کارکن سید انجم کے والد ممتاز حسن، ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ یوسی 10 کے پختون کارکن عمر خان، ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 56 کے شہید کارکن سید خالد جمیل کے والد سید جمیل اختر، ایم کیوایم سانگھڑ زون یونٹ B کی یونٹ کمیٹی کے رکن محمد اسماعیل کے والد محمد رفیق اور ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 81 کے کارکن فرحان کے والد رجب علی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## کورنگی ٹاؤن کے سیکٹر B-48 کے گ 100 سے زائد گلگتی، سرائیکی اور پختون نوجوانوں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

کراچی۔۔۔19، جون 2008ء

کورنگی ٹاؤن کے سیکٹر B-48 یوسی 4 کی گلگتی، سرائیکی اور پختون برادریوں سے تعلق رکھنے والے 100 سے زائد نوجوانوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور حق پرستانہ جدوجہد سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے زیراہتمام کورنگی سیکٹر B-48 میں منعقدہ اجتماع میں کیا جس میں علاقے کے دیگر عمائدین کے علاوہ ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین ڈاکٹر عابد حسین اور محمد اقبال نے بھی شرکت کی۔ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے مختلف برادریوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ ملک کی نازک صورتحال میں قائد تحریک جناب الطاف حسین واحد سیاسی رہنماء ہیں جو ملک میں قومی مفاہمت، قومی یکجہتی، بھائی چارے کے فروغ اور غریب عوام کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہے ہیں۔ قبل ازیں اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک کی واحد جماعت ہے جو غریب ومتوسط طبقے کی عملی طور پر نہ صرف نمائندگی کررہی ہے بلکہ اس ہی کے پلیٹ فارم سے ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے جائز حقوق کیلئے ہر سطح پر آواز بلند کی جارہی ہے۔ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے افراد کا خیرمقدم کیا اورانہیں ایم کیوایم میں خوش آمدید کہا۔

## 19 جون پاکستان کی سیاسی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، ایم کیوایم امریکہ
## تمام ظلم وزیادتیوں کے باجود ایم کیوایم نہ صرف آج بھی قائم ودائم ہے بلکہ پہلے سے زیادہ مستحکم ومضبوط ہے

واشنگٹن۔۔19 جون 2008ء

ایم کیوایم امریکہ کے سینٹرل آرگنائزر اور آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے کہا ہے کہ 19 جون 1992ء پاکستان کی سیاسی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے۔ 19 جون کے شہداء کی سولہویں برسی کے موقع پر ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے خلاف آپریشن کے دوران ایم کیوایم کے 15000 ہزار سے زائد کارکنان کو ماورائے عدالت قتل کیا گیا، ہزاروں کارکنان کو قیدوبند کی صعوبتیں برداشت کرنے پر مجبور کیا گیا، ایم کیوایم کے دفاتر اور کارکنان کے گھروں پر قبضہ کئے گئے، حق پرست ماؤں بہنوں اور معصوم بچوں کو بھی بربریت کا نشانہ بنایا گیا لیکن ان تمام ظلم وزیادتیوں کے باجود ایم کیوایم نہ صرف آج بھی قائم ودائم ہے بلکہ پہلے سے زیادہ مستحکم ومضبوط بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا حق پرستانہ فکر وفلسفہ ملک بھر میں تیزی سے پھیل رہا اور ملک بھر کے عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہورہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے خلاف بدترین فوجی آپریشن اور اس کے کارکنان پر بدترین مظالم کے باوجود ایم کیوایم کا قائم رہنا اور حق پرستی کے پیغام فروغ پانا اس بات کا ثبوت ہے کہ ایم کیوایم ایک حق پرست جماعت ہے جو عوام کے دلوں میں بستی ہے اور ایم کیوایم ہی وہ واحد جماعت ہے کہ جو ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حق پرست شہداء کا لہو رائیگاں نہیں جائے گا اور حق پرستی کی تحریک اپنی منزل تک ضرور پہنچے گی۔ انہوں نے حق پرست شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

# ایم کیوایم ضلع شیخوپورہ کے زیراہتمام 19 جون 1992 کے شہداء کیلئے قرآن خوانی کا اجتماع

شیخوپورہ۔۔19 جون 2008ء

ایم کیوایم ضلع شیخوپورہ کے زیراہتمام 19 جون 1992ء میں فوجی آپریشن کے دوران ایم کیوایم کے شہید کارکنان کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی کا اجتماع منعقد کیا گیا جس میں تحریکی جدوجہد میں جام شہادت نوش کرنے والے شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔قرآن خوانی خوانی کے اجتماع میں ایم کیوایم کے علاقائی ذمہ داران وکارکنان کے علاوہ عمائدین شہر نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر ضلع شیخوپورہ کے انچارج محمد علی نے اپنے خطاب میں کہا کہ 19 جون 1992ء کا دن پاکستان کی تاریخ میں سیاہ ترین دن کے نام سے ہمیشہ یادرکھا جائے گا جہاں نام نہاد جمہوریت کے علمبرداروں نے قائد تحریک جناب االطاف حسین کی حق پرستانہ جدوجہداوران کے فکروفلسفہ کی روشنی کو پھیلنے سے روکنے اورایم کیوایم کو صفحہ ہستی سے مٹانے کیلئے اس کے خلاف ریاستی آپریشن شروع کیا لیکن ظلم وبربریت کے باوجودایم کیوایم آج بھی الحمدللہ نہ صرف قائم ودائم ہے بلکہ اس کا نظریہ پاکستان سمیت دنیا بھر میں پھیل چکا ہےاور یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم کے فکروفلسفہ سے متاثر ہوکرآج عوام ایم کیوایم میں شمولیت اختیارکررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ وہ وقت دورنہیں جب ملک بھر میں ایم کیوایم کے پرچم لہرائیں گے اور ملک کا ایک ایک باسی حق پرستی کے اس پرچم تلے متحد ہوگا۔قرآن خوانی کے اجتماع میں 19 جون 1992ء کے شہداء سمیت حق پرستی کی جدوجہد میں ایم کیوایم کے شہید ہونے والے کارکنان کی مغفرت اورسوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعا کی گئی اوراس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ شہداء کا لہو کسی قیمت پر رائیگاں نہیں جائے گا اور حالات کتنے ہی کٹھن اورکڑے کیوں نہ ہوں ایم کیوایم کے کارکنان آخری سانس تک حق پرستی کی جدوجہد جاری رکھیں گے۔

☆☆☆☆☆